# عورت کا فوت شدہ شوہر کا چہرہ دیکھنا اور قیامت میں ملنا

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کسی عورت کا شوہر فوت ہو جائے، تو کیا بیوی اس کا چہرہ دیکھ سکتی ہے؟ نیز کیا قیامت میں یہ ایک دوسرے سے مل سکیں گے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! شوہر کے انتقال کے بعد بیوی شوہر کا چہرہ دیکھ سکتی ہے۔ جو دنیا میں میاں بیوی تھے، جنت میں بھی ایک دوسرے کے ساتھ رہیں گے بشرطیکہ وہ دونوں جنتی ہوں اور بیوی نے شوہر کے مرنے کے بعد کسی اور سے نکاح نہ کیا ہو، اگر نکاح کر لیا اور اسی کے نکاح میں عورت نے انتقال کیا تو اسی کے ساتھ جنت میں ہوگی بشرطیکہ دونوں جنتی ہوں اور اگر یہ اس کے نکاح میں بھی نہ رہے، اس سے بھی بیوہ ہو جائے اور کسی شوہر کے نکاح میں انتقال نہ کرے تو جنت میں اسے اختیار دیا جائے گا کہ ان شوہروں میں سے جسے چاہے پسند کر لے اور وہ اس کو اختیار کرے گی جو اس کے ساتھ اچھا سلوک کرتا تھا۔

فتاوی رضویہ میں ہے: "عورت کہ نکاح ثانی نہ کرے روز قیامت اپنے شوہر کو ملے گی جبکہ دونوں نے ایمان پر وفات پائی ہو۔

اللھم ارزقنا الوفاۃ علی الایمان بجاہ حبیبک الکریم یا رحمٰن علیہ وعلٰی الہ افضل واکمل التسلیمات مابقیت الجنان۔

اے اللہ! اے مہربان! ہمیں اپنے حبیب کریم کے صدقے ایمان پر وفات نصیب فرما، اپنے حبیب کریم اور ان کی آل پر افضل واکمل درود وسلام نازل فرماتا رہ جب تک جنتیں باقی ہیں۔ (ت)

اور اگر دوسرا شوہر کرے تو اس کے نکاح میں مرجائے اس دوسرے کو بشرط ایمان ملے گا، کما فی حدیث۔ اور اگر اس سے بھی بیوہ ہوگئی غرض کسی شوہر کے نکاح میں نہ مری تو اسے روز قیامت اختیار دیا جائے گا کہ ان شوہروں میں جسے

چاہے پسند کرلے وہ اسے پسند کرے گی جو اس کے ساتھ زیادہ نیک سلوک سے معاشرت کرتا تھا، کمافی حدیث اٰخر والتطبیق بینھما ماذکرنا کمابیناہ فی فتاوٰنا۔ جیساکہ دوسری حدیث میں ہے، ان دونوں حدیثوں میں تطبیق وہ ہے جیسا ہم نے اپنے فتاوی میں بیان کیا۔ (ت)" (فتاوٰی رضویہ، جلد25، صفحہ579، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی**

**فتوی نمبر: Web-2131**

**تاریخ اجراء: 23 رجب المرجب 1446ھ/24 جنوری 2025ء**

---


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net